18/02/2026 09.20 AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں عارف حسین

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ وکست بھارت 2047@ کا ہدف حاصل کرنے کے لئے تعلیمی اداروں میں جدیدیت کے عمل کو فروغ دیا جانا چاہئے ۔ وہ کل جموں یونیورسٹی میں قومی سطح کے ہیکاتھان کی اختتامی تقریب پر اظہار خیال کر رہے تھے ۔ ایل جی نے کہا کہ نوجوان ہر محاذ پر غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کر کے مستقبل کی تعمیر میں اہم رول ادا کر رہے ہیں۔

ہیکاتھان کا انعقاد یونیورسٹی کے Skill Incubation , Innovation and Enterpreneurship Development Centre نے کیا تھا ۔ اس موقعہ پر یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر اُمیش رائے اور دیگر کئی شخصیات بھی موجود تھیں ۔

ملاقات LG

کٹھوعہ ، سانبہ، ادھمپور ، ریاسی ، ڈوڈہ ، کشتواڑ ، رام بن اور راجوری اضلاع کی ضلع ترقیاتی کونسلز کے چیر پرسنز نے کل جموں میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کر کے اپنے اپنے اضلاع کے ترقیاتی امور کے بارے میں ان کے ساتھ تبادلہ خیال کیا ۔

افسروں نے کل لوک بھون جموں Probationary سروس کے Estates دریں اثناءانڈین ڈیفنس میناایل جی منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی ۔ ایل جی نے انہیں عوامی خدمت میں اعلیٰ معیار اپنانے کی تاکید کی ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے تمام محکموں کو ہدایت دی ہے کہ وہ ماہِ رمضان کے دوران لوگوں کو ضروری سہولیات کی دستیابی کو یقینی بنانے کے لئے مناسب اقدامات کریں ۔ انہوں نے سرینگر میںایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران ماہ رمضان کے ایام میں بجلی اور پینے کے پانی کی

معقول سپلائی کے علاوہ بازاروں میں ضروری اشیاءکی دستیابی کا جائزہ لیا ۔ اس سے پہلے سرینگر میں ایک تقریب کے حاشئے پر نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا ۔

ڈپٹی کمشنر

ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے انتظامیہ کے اعلیٰ افسران کی ایک میٹنگ میں ماہِ رمضان کے دوران ضروری خدمات اور اشیاءکی دستیابی کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ اس ماہ کے دوران لوگوں کو ہر طرح کی سہولت بہم رکھی جانی چاہئے ۔

اس دوران ڈپٹی کمشنر نے باغات
شو

ر لال بازار سرینگر میں گورنمنٹ بائز مڈل سکول کا دورہ کر کے اس ادارے کی تجدید کاری ¾ کے کام کا جائزہ لیا ۔

اجلاس

جموں کشمیر قانون ساز اسمبلی کا بجٹ اجلاس جموں میں جاری ہے ۔ کل اجلاس کے دوران دیہی ترقی محکمے کے لئے 45 ارب 65 کروڑ 69 لاکھ 56 ہزار روپے کے گرانٹس کو منظوری دی گئی ۔ ایوان میں زراعت محکمے کے لئے 24 ارب 23 کروڑ 86 لاکھ 40 ہزار روپے ، اینمل و شیپ ہسبنڈری محکمے کے لئے 11 ارب 60 کروڑ 40 لاکھ98 ہزار روپے ، ہارٹیکلچر کے لئے 6 ارب 96 کروڑ 48 لاکھ23 ہزار روپے، فشریز کے لئے دو ارب 6 کروڑ 20 لاکھ56 ہزار روپے، کوآپریٹیو محکمے کے لئے دو ارب 66 کروڑ 11 لاکھ 42 ہزار روپے اور الیکشن ڈیپارٹمنٹ کے لئے 3 ارب 61 کروڑ 20 لاکھ71 ہزار روپے کے گرانٹس کو منظوری دی گئی ۔ یہ گرانٹس بحث و مباحثے کے بعد زبانی ووٹ کے ذریعے منظور کی گئی ۔

ایوان

اس دوران نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے وزیر اعلیٰ کے بدلے ایم ایل اے بانڈی پورہ نظام الدین بٹ کے سوال کا جواب دیتے ہوئے ایوان کو بتایا کہ گزشتہ برس کے سیلاب اور قدرتی آفات کے بعد مویشیوں کو بیماریوں سے بچانے کے لئے پورے ضلعے میں ٹیکہ کاری مہم چلائی گئی ۔

NIT

MSME نیشنل انسٹیچوٹ آف ٹیکنالوجی سرینگر کے میکنیکل انجینئرنگ شعبے کے اہتمام سے کل کی مرکزی وزارت کے MSMEڈیزائن سکیم کے موضوع پر ایک روزہ ورکشاپ منعقد ہوا ۔ اشتراک سے منعقدہ اس ورکشاپ میں طالب علموں اور اختراع کاروں کے علاوہ فیکلٹی ممبران کے ڈائریکٹر پروفیسر بِنود کمار کنوجیہ NIT نے بھی شرکت کی ۔ اس موقعہ پر اپنے خطاب میں اور اختراع کاری کو فروغ دینے کے Enterpreneurship نے کہا کہ ادارہ جموں کشمیر میں لئے مناسب اقدامات کر رہا ہے ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت1 اعشاریہ 4ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت13 اعشاریہ5ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ